
# 10

# میرا معمول






ہیلو دوستو! میں پیہو ہوں۔ میری عمر 6 سال ہے۔ آج میں آپ کو اپنا روزانہ کا معمول بتاؤں گی کہ میں صبح سے رات تک کیا کرتی ہوں۔



دیکھیے، آسمان میں سورج طلوع ہو رہا ہے۔
اب صبح ہو گئی ہے۔



میں صبح بستر سے اٹھتی ہوں اور ایک گلاس گنگنا پانی پیتی ہوں۔




میرا دن یوگا کی ورزش سے شروع ہوتا ہے۔



اس کے بعد میں دانت مانجھتی ہوں اور پھر نہاتی ہوں۔





میں ناشتہ کرتی ہوں اور اسکول کے لیے تیار ہوتی ہوں۔

© NCERT not to be republished

میں اسکول میں اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ پڑھتی اور کھیلتی ہوں۔





سورج آسمان میں بہت اونچائی پر آگیا ہے۔ اب دوپہر کا وقت ہے۔ میں اپنے ہاتھ دھوتی ہوں اور اپنے دوستوں کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھاتی ہوں۔



میں اسکول سے واپس آتی ہوں اور کچھ دیر آرام کرتی ہوں۔





دیکھیے، سورج غروب ہو رہا ہے۔ اب شام کا وقت ہے۔ میں اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتی ہوں اور اپنا ہوم ورک پورا کرتی ہوں۔



اوپر دیکھیے، آسمان میں چاند اور ستارے نظر آ رہے ہیں۔
یہ رات کا وقت ہے۔



میں اپنے گھر والوں کے ساتھ رات کا کھانا کھاتی ہوں۔



ایک اچھے دن کے لیے میں خدا کا شکر ادا کرتی ہوں اور رات میں سونے چلی جاتی ہوں۔

© NCERT not to be republished

## آؤ گفتگو کریں

A. آپ کا روزانہ کا معمول کیا ہے؟
B. آپ دانت کب مانجھتے ہیں؟
C. آپ کب نہاتے ہیں؟

## آؤ کریں

A. اس سرگرمی پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے جو آپ صبح کرتے ہیں۔






B. اس سرگرمی پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے جو آپ دن کے دوران دیکھتے ہیں اور کرتے ہیں۔







C. اس سرگرمی پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے جو آپ رات میں کرتے ہیں۔








© NCERT not to be republished

تصویر کو دیکھ کر دن کے وقت کا اندازہ لگائیے۔ اپنے دوستوں سے اس پر گفتگو کیجیے کہ نیچے دکھائی گئی تصویروں کے وقت میں وہ کیا کرتے ہیں؟









## آؤ کریں

اس سرگرمی میں رنگ بھریئے جس میں زیادہ وقت لگتا ہے۔

.A





.B





© NCERT not to be republished

# موسم



موسمِ بہار



گرمی کا موسم



سردی کا موسم




برسات کا موسم

گرمی، سردی اور بارش کے موسموں کے فرق پر بحث کیجیے۔

## موسم کے ناموں سے چیزوں کو ملایئے

برسات کا موسم

موسمِ بہار



گرمی کا موسم

سردی کا موسم

© NCERT not to be republished

## آؤ گفتگو کریں

A. آپ گرمی کے موسم میں کیا کھانا پسند کرتے ہیں؟

B. آپ سردی کے موسم میں کیا پہننا پسند کرتے ہیں؟

## آؤ کریں

### موسموں کے نام لکھیے اور ان کو تصویروں کے ساتھ ملائیے۔




















## پروجیکٹ

بچوں سے مختلف موسموں کے دوران کھائی جانے والی پسندیدہ چیزوں اور تہواروں کی تصویر بنوائیے یا چسپاں کروائیے۔

© NCERT not to be republished